# 03-09-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی اوران کے بلجیم کے ہم منصب نے نئی دہلی میں دوطرفہ بات چیت کی اور مختلف شعبوں میں اہم معاہدوں کا تبادلہ کیا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کابینہ سے استعفیٰ دینے سے انکار کے بعد گورنر شیو پرتاپ شکلا سے وزیر کونڈا سریکھا کو فوری طور پر برطرف کرنے کی سفارش کی۔

۳۔ سابق وزیر کونڈا سریکھا نے کابینہ سے ہٹائے جانے کے بعد اپنی بے گناہی کا دفاع کیا اور تمام الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ برطرفی سے پہلے ان سے کوئی بات چیت نہیں کی گئی۔

اور

۴۔ پولیس نے تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ کو فیس ری ایمبر سمنٹ کی بقایا رقم جاری کرنے کے مطالبہ پر سکریٹریٹ کا گھیراؤ کرنے کی کوشش کے دوران گرفتار کرلیا۔

N. Ramchander Rao

پولیس نے تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ کو گرفتار کرلیا۔ وہ فیس ری ایمبر سمنٹ کی بقایا رقم جاری کرنے کے مطالبہ پر سکریٹریٹ کا گھیراؤ کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ حکام نے چندر راؤ اور بی جے پی کارکنوں کو روک دیا جو 8 لاکھ طلبہ کی دستخطوں پر مشتمل درخواست پیش کرنے کے لئے سکریٹریٹ جارہے تھے۔ بعد میں انہیں حراست میں لے کر چکڑپلی پولیس اسٹیشن منتقل کیا گیا۔ رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے 40 لاکھ طلبہ کی آواز دبادی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بقایا فیس ری ایمبر سمنٹ کی رقم جاری ہونے تک بی جے پی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

PTC-HYDERABAD

ALETI MAHESHWAR REDDY:

بی جے پی لیجسلیچر پارٹی کے لیڈر مہیشور ریڈی نے سکریٹریٹ کے قریب بی جے وائی ایم کے احتجاج کے دوران اپنی گرفتاری کی مذمت کی۔انہوں نے حکومت سے فیس ری ایمبرسمنٹ کی بقایا رقم فوری جاری کرنے اور حراست میں لئے گئے پارٹی قائدین کو رہا کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ مطالبات کی تکمیل کے لئے احتجاج کو مزید تیز کیا جائے گا۔

DESK

COLLECTOR GARIMA AGRAWAL-1

سرکاری وہپ اور ویمولا واڑہ کے رکن اسمبلی آدی سرینواس نے راجنا سرسلہ ضلع کی کلکٹر گریما اگروال کے ساتھ اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے مستحقین میں مکانات کے پلاٹ کے پٹے تقسیم کئے۔ ہاؤسنگ کارپوریشن کی جانب سے منعقدہ تقریب میں رکن اسمبلی نے کہا کہ کانگریس حکومت غریبوں کے گھروں کے خواب کو پورا کرنے کے لئے پوری طرح پابند ہے۔

PTC-RAJANNA SIRCILLA

PONNAM PRABHAKAR

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے بی جے پی قائدین پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ پارٹی کے اندرونی اختلافات کی وجہ سے اپنی سیاسی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے کانگریس حکومت کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی قائدین کو سیاسی بیان بازی کے بجائے دہلی میں وزیراعظم نریندر مودی سے تلنگانہ کے لئے زیرِ التوا مرکزی فنڈس،ٹیکس میں ریاست کا حصہ اور اہم بنیادی سہولتوں کے منصوبوں کا مطالبہ کرنا چاہیئے۔

DESK

SP NIKITA PANT

آصف آباد ضلع کی ایس پی نکیتا پنت نے نوجوانوں   سے سائبر فراڈ سے محتاط رہنے کی اپیل ہے۔قبائلی گرکل ڈگری ویمنس کالج میں منعقدہ ایک آگاہی پروگرام میں انہوں نے سرمایہ کاری کے نام پر ہونے والے فراڈ اور سوشل میڈیا پر ہراسانی جیسے جرائم کے بارے میں بتایا اور کہا کہ کسی بھی سائبر دھوکہ دہی کی صورت میں فوری طور پر 1930 ہیلپ لائن پر اطلاع دیں۔

PTC-ASIFABAD

HARISH

سابق وزیر اور بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے کانگریس حکومت پر سخت تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ حکومت کے ایک ہزار دن مکمل ہونے کے باوجود چھ ضمانتوں میں سے کئی وعدے پورے نہیں کئے گئے۔کوڈی پلی میں ایک احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے راؤ نے الزام لگایا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے رعیتو بندھو، رعیتو بیمہ اور آبپاشی کے اہم منصوبوں کو روک دیا ہے جس سے کسانوں اور طلبہ کو مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے وزیر اعلیٰ کو فصل قرض معافی کے معاملہ پر کھلے عام بحث کا چیلنج دیا اور مقامی مالی بے ضابطگیوں کے معاملہ میں فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔

DESK

SEETHAKKA

ریاستی وزیر سیتا کا نے ضلع ملگ کے ایٹو ناگارم کے دورہ کے دوران کئی ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کا افتتاح کیا۔ان میں گارمنٹس اور جوٹ بیگ بنانے کے یونٹ بھی شامل ہیں۔انہوں نے خواتین کو خود کفیل بنانے پر زور دیا اور کہا کہ مقامی جنگلاتی پیداوار، جیسے مہوا کے پھول، شہد اور پتوں کی پلیٹیں تیار کرکے آمدنی حاصل کی جاسکتی ہے۔انہوں نے تربیت حاصل کرنے والی خواتین کو سلائی مشینیں فراہم کرنے کا وعدہ بھی کیا۔اس موقع پر 1,219 افراد میں نئے راشن کارڈ تقسیم کئے گئے اور طلبہ کو لیپ ٹاپ بھی دئے گئے۔بعد میں حکومت کے ایک ہزار دن مکمل ہونے پر ریالی بھی نکالی گئی۔

DESK/PTC-MULUGU

KONDA SUREKA-1

تلنگانہ میں ایک اہم سیاسی پیش رفت کے تحت کانگریس ہائی کمان نے وزیر کونڈا سریکھا اور پلاننگ بورڈ کے نائب صدرنشین چنا ریڈی کے خلاف کارروائی کی ہے۔ ہائی کمان کی جانب سے سریکھا کو کابینہ سے ہٹانے کی منظوری کے بعد، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے گورنر شیور پرتاپ شکلا کو خط لکھ کر انہیں فوری طور پر کابینہ سے برطرف کرنے کی سفارش کی۔ بتایا گیا ہے کہ کونڈا سریکھا نے استعفیٰ دینے سے انکار کیا تھا۔ دوسری جانب حکومت نے سابق جی ایچ ایم سی میئر گدوال وجئے لکشمی کو چنا ریڈی کی جگہ پلاننگ بورڈ کا نائب صدرنشین مقرر کیا ہے۔ نریلا شاردا کو ریاستی خواتین کمیشن کی چیرپرسن اور جی سدھارانی کو کاکتیہ اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی چیرپرسن مقرر کیا گیا ہے۔

PTC-HYDERABAD/DESK

KONDA SUREKA-2

کابینہ سے برطرفی کے بعد کونڈا سریکھا نے کہا کہ وہ کسی بھی بدعنوانی میں ملوث نہیں ہیں اور وجہ نمائی نوٹس کا پہلے ہی جواب دے چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں کابینہ سے ہٹانے سے پہلے نہ تو کوئی اطلاع دی گئی اور نہ ہی اس معاملہ پر ان سے بات چیت کی گئی جس پر انہیں افسوس ہے۔ انہوں نے اپنے خاندان کے افراد کی جانب سے دیئے گئے بیانات سے خود کو الگ قرار دیا اور کہا کہ ان کی بیٹی کافی عرصہ سے انتخابی ٹکٹ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی تھیں جبکہ کڈیم سری ہری کی بیٹی کو لوک سبھا کا ٹکٹ ملا۔ انہوں نے ڈی سرینواس کے خاندان میں مختلف سیاسی جماعتوں سے وابستگی کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ وہ اپنے شوہر کونڈا مرلی سے مشورہ کر کے آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گی۔ اطلاعات کے مطابق وہ اپنے حامیوں سے ملاقاتوں کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس بھی کر سکتی ہیں۔

HYDERABAD/DESK

ESIC MEDICAL COLLEGE

اترا کھنڈ سے 15 رکنی میڈیا وفد نے حیدرآباد کے صنعت نگر میں واقع ای ایس آئی سی میڈیکل کالج اور اسپتال کا دورہ کیا۔ وفد نے یہاں جدید طبی سہولتوں اور ڈیجیٹل ہیلتھ کیر اقدامات کا جائزہ لیا۔ کالج کی ڈین ڈاکٹر ایس سیتا لکشمی نے ادارہ میں بڑھتی ہوئی بنیادی سہولتوں، مریضوں کی بڑھتی تعداد اور طبی تعلیم کے وسیع ہوتے پروگراموں کے بارے میں بتایا اور کہا کہ یہ ادارہ سرکاری شعبہ میں علاقائی سطح پر بہترین طبی خدمات کا مرکز بنتا جارہا ہے۔

DESK

PM NARENDRA MODI

وزیراعظم نریندر مودی اور بلجیم کے ان کے ہم منصب برٹ ڈی ویور نے نئی دہلی میں دوطرفہ بات چیت کی۔ اس موقع پر دفاعی تعاون، قابلِ تجدید توانائی، سائبر جرائم اور سفارتی تربیت سے متعلق معاہدوں کا تبادلہ کیا گیا۔ مودی نے کہا کہ ہندوستان اور بلجیم کے درمیان تاریخی تعلقات اور جمہوری اقدار مشترک ہیں۔ انہوں نے دفاع، صاف توانائی، سیمی کنڈکٹرس اور اہم معدنیات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا تاکہ عالمی اقتصادی غیر یقینی صورتحال کے درمیان مضبوط سپلائی چین قائم کی جاسکے۔

NSD

7.8 PERCENT OF ECONOMIC GROWTH

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے نیویارک میں ایک اعلیٰ سطحی کاروباری اجلاس میں عالمی سرمایہ کاروں کو بتایا کہ مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی میں ہندوستان کی اقتصادی ترقی کی شرح 7.8 فیصد رہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ساختی اصلاحات، بنیادی ڈھانچہ کی ترقی اور کاروبار کے لئے واضح ضابطوں پر توجہ دے رہی ہے۔ نرملا سیتارمن نے کہا کہ عالمی مشکلات کے باوجود ہندوستان بڑی معیشتوں میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت کی حیثیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے کے حکومت کے عزم کو بھی دہرایا۔

NSD

TELECOMMUNICATIONS:

وزارت اطلاعات ونشریات نے ٹیلی کمیونی کیشنز ٹیلی ویژن، ریڈیو اور متعلقہ خدمات قواعد 2026 کا مسودہ جاری کیا ہے۔اس کے تحت سیٹلائٹ ٹی وی، ڈی ٹی ایچ، ہٹس، ایف ایم ریڈیو، کمیونٹی ریڈیو اور آئی پی ٹی وی سے متعلق موجودہ رہنما اصولوں کو ٹیلی کمیونی کیشن ایکٹ 2023 کے تحت ایک ہی نظام میں شامل کیا جائے گا۔وزارت کے مطابق نئے قواعد کا مقصد نشریاتی شعبہ کے ضابطوں کو آسان بنانا اور کاروبار کرنے میں سہولت پیدا کرنا ہے۔اس مسودہ کے ذریعہ پہلے سے موجود مختلف پالیسیوں کو یکجا کیا گیا ہے۔ وزارت نے متعلقہ اداروں اور عوام سے مسودہ پر تجاویز، آراء اور مشورے طلب کئے ہیں۔ تجاویز 2 اکتوبر 2026 تک پیش کی جاسکتی ہیں۔

DESK (IMP)

COLLECTOR GARIMA AGRAWAL-2

راجنا سرسلہ ضلع کی کلکٹر گریما اگروال نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ آبی ذخائر کے تحفظ اور ترقی کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں۔آبپاشی اور ماہی گیری کے محکموں کے جائزہ اجلاس میں انہوں نے بتایا کہ ضلع میں 164 آبی علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔انہوں نے تمام آبی علاقوں کے رقبہ، حدود اور ایف آئی ایل سطح کی تفصیلات کا سروے کرکے انہیں آن لائن رجسٹر کرنے کی ہدایت دی۔

PTC-RAJANNA SIRCILLA

RAJAGOPAL REDDY

منگوڑ کے رکن اسمبلی کومٹ ریڈی راج گوپال ریڈی نے یادادری بھونگیر ضلع کے نارائن پور منڈل میں 76 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کے سڑک ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے کہا کہ دیہات کی سڑکوں کو ساڑھے پانچ میٹر تک چوڑا کرنے کا کام کانگریس حکومت کی فوری کارروائی کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور آر اینڈ بی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی سے اظہار تشکر کیا۔انہوں نے پارٹی قیادت سے اپنی وفاداری کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ میں توسیع کے سلسلہ میں راہول گاندھی جو بھی فیصلہ کریں گے وہ اس پر عمل کریں گے۔

COLLECTOR RIZWANBASHA

جوگولامبا گدوال ضلع کے کلکٹر رضوان باشا شیخ نے ریڑھ کی ہڈی کے مسائل، مسلر ڈسٹروفی، سکل سیل انیمیا اور ہیموفیلیا سے متاثرہ ایسے مریضوں کے لئے ہنگامی طبی امداد کی درخواستیں طلب کی ہیں جو بستر تک محدود ہیں۔ اہل افراد ضلع ویلفیر آفس سے درخواست فارم حاصل کر سکتے ہیں۔ درخواست کے ساتھ سدرن، ذات، آمدنی اور شناختی دستاویزات جمع کرانی ہوں گی۔ اس کے بعد میڈیکل بورڈ درخواستوں کی جانچ کرے گا۔

JOGULAMBA GADWAL

K. MURALI MOHAN

محبوب آباد کے پرنسپل ڈسٹرکٹ جج کے مرلی موہن نے وکلاء سے اپیل کی ہے کہ 12 ستمبر کو ہونے والی نیشنل لوک عدالت کے دوران زیرِ التوا موٹر حادثات کے معاوضہ سے متعلق مقدمات کو باہمی رضامندی سے حل کرنے کے لئے فعال کردار ادا کریں۔ انہوں نے ایک رابطہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بتایا کہ 7 اور 8 ستمبر کو پری لوک عدالتیں منعقد کی جائیں گی۔ انہوں نے وکلاء سے کہا کہ اہل مقدمات کی تفصیلات 5 ستمبر تک ڈسٹرکٹ لیگل سروس اتھارٹی کو پیش کریں۔

MAHABUBABAD

KT RAMARAO

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راماراؤ کا مِریال گوڑہ میں ریالی کے دوران پارٹی کارکنوں اور 30 ہزار سے زیادہ کسانوں نے شاندار استقبال کیا۔ راستہ میں پالی ٹیکنک کالج کے طلبہ نے ایم جی یونیورسٹی میں ان سے ملاقات کی اور کالج کی اراضی اور تکنیکی تعلیم سے متعلق مسائل ان کے سامنے رکھے۔ کے ٹی آر نے طلبہ کو مکمل تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ وہ اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ان مسائل کو ترجیحی بنیاد پر اٹھائیں گے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ طلبہ کی مہارتوں میں اضافہ کرنے کیلئے ڈوئل اپرنٹس شپ پروگرام شروع کئے جائیں۔

MIRYALAGUDA/DESK

○○